چالیس جلدوں میں

امام احمد رضا انسائیکلوپیڈیا

کا

تفصیلی خاکہ

مرتبہ

ڈاکٹر محمد امجد رضا امجدؔ

القلم فاؤنڈیشن، سلطان گنج پٹنہ ۶ بہار

سلسلہ اشاعت نمبر ---------- ۳۴

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

کتاب :-------امام احمد رضا انسائیکلوپیڈیا کا تفصیلی خاکہ

تالیف :-------ڈاکٹر مفتی محمد امجد رضا امجدؔ

-------قاضی شریعت مرکزی دار القضا ادارہ شرعیہ بہار الہند

تقدیم :-------

ناشر :-------

صفحات :-------

اشاعت:-------

قیمت :-------

کتاب حاصل کریں:

دفتر مرکزی ادارہ شرعیہ سلطان گنج پٹنہ ۸۰۰۰۰۶ بہار الہند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امام احمد رضا انسائیکلو پیڈیا کا تصور اور خاکہ ماہر رضویات حضرت پروفیسر مسعود احمد مظہری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے دیا، وہ خاکہ پاک وہند سے متعدد بار کتابی صورت میں شائع ہوا بعض رسائل میں بھی اسے جگہ ملی، ارباب حل وعقد نے اسے بہت پسند کیا اور اسے حضرت مسعود ملت کے فنافی الرضا ہونے سے تعبیر کیا۔ حق بھی یہی ہے کہ مشرب الگ ہونے کے باوجود انہوں نے جس طرح رضویات کو اپنی تحقیق واشاعت کا مرکز بنایا وہ بغیر حب رضا اور فنافی الرضا کے ممکن نہیں تھا۔ رضویات کے معارف اول کے طور پر سب سے ممتاز ونمایاں نام حضرت مسعود ملت کا ہے، خدا نے انہیں علم وفن اور فہم وفراست کی جو توانائی عطا فرمائی تھی غالباً وہ اسی لئے تھی کہ اسے اپنے محبوب ﷺ کے عاشق صادق امام احمد رضا قدس سرہ کے نقوش حیات کو زندہ وتابندہ رکھنا تھا۔ یوں بھی محبت مارتی نہیں زندہ کرتی ہے اور اس راہ میں مرنے والا ہی زندگی سے ہم کنار ہوتا ہے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ نے خود ہی فرمایا اور کیا خوب فرمایا ؎

مرنے والوں کو یہاں ملتی ہے عمر جاوید
زندہ چھوڑے گی کسی کو نہ مسیحائی دوست

اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ نے عشق رسالت، ناموس رسالت اور عظمت رسالت کے تحفظ وبقا کے لئے زندگی داؤ پر لگائی اور عشق رسول کو زندگی کی علامت بتا کر ہی نہیں بنا کر

دکھادی، آپ بھلا کب مر سکتے تھے۔ آپ اس یقین کے ساتھ دنیا سے گئے کہ

خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا
جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ کی

اس عشق کا تقاضا تھا کہ آپ بھی زندہ وتابندہ رہتے۔ خدا نے اس کا بھی انتظام فرمادیا، آپ کے اخلاف، خلفا، تلامذہ اور محبین کے ذریعہ آپ کی کتابیں شائع ہونے لگیں، ان کے ترجمہ ہونے لگے، تصنیفات پر تحقیقی مجلسیں گرم ہونے لگیں اور ایک چھپا ہوا خزانہ منظر عام پہ آنے لگا۔ سچ ہے جو عشق رسول علیہ التحیۃ والثنا میں بے نشان ہوجاتا ہے وہ متلاشیان حق کے لئے نشان راہ منزل ہوجاتا ہے۔

بے نشانوں کا نشاں مٹتا نہیں
مٹتے مٹتے نام ہو ہی جائے گا

خدائے عزوجل نے حضرت مسعود ملت کو اس وقت رضویات کی طرف متوجہ کیا جب علمی دنیا میں ان کی علمی دھمک کی محسوس کی جانے لگی تھی، ان کا منفرد اسلوب علمی حلقوں میں اپنی پہچان بنا چکا تھا اور وہ خود محققین کی فہرست میں شمار ہونے لگے تھے، یہ اس لئے تھا کہ اب رضویات کے حوالے سے ان کی ہر بات کو علمی حلقہ سنجیدگی سے لے، اس پر غور کرے اور تحقیقی اصولوں کی بنیادوں پر اسے قبول کرے۔ حضرت مسعود ملت نے اس خدمت کو بخوبی انجام دیا اور ان کی خدمت کے صلے میں اعلیٰ حضرت کا یہ شعر حقیقت بن کر سامنے آگیا ؎

گونج گونج اٹھے ہیں نغمات رضاؔ سے بوستاں
کیوں نہ ہو کس پھول کی مدحت میں وا منقار ہے

حضرت مسعود ملت نے رضویات کے بکھرے ہوئے مواد کو یکجا کرنے کے لئے ''دائرہ معارف امام احمد رضا'' کا خاکہ مرتب کیا، یہ خیال مختلف انسائیکلو پیڈیا اور علمی مجلوں

کے لئے مقالات لکھتے وقت آپ کے ذہن میں پیدا ہوا، یہ حضرت مسعود ملت کا بجائے خود ایک بڑا کارنامہ ہے کہ انہوں نے انسائیکلو پیڈیا کے لئے رضویات پر مقالات لکھے ، ورنہ اس سے قبل اوران کے بعد کی تاریخ اس حوالہ سے خالی نظر آتی ہے حضرت مسعود ملت نے مختلف انسائیکلو پیڈیا کے لئے جو مقالے لکھے ہیں اس نے تفہیم رضویات میں کلیدی رول ادا کیا ذیل میں اس کا ایک خاکہ دیکھئے

رضا بریلوی	برائے شاہکار اسلامی انسائیکلو پیڈیا	۱۹۷۶ء
احمد رضا خان بریلوی	مشمولہ انسائیکلو پیڈیا آف اسلام (سپلیمنٹ والیوم)	۱۹۸۷ء
احمد رضا بریلوی	برائے انسائیکلو پیڈیا اسلامیکا فاؤنڈیشن ایران، تہران	۱۹۹۰
احمد رضا خان بریلوی	برائے مجمع الملکی لبحوث الحضارۃ الاسلامیہ، عمان اردن	۱۹۹۰

ان انسائیکلو پیڈیا میں لکھتے رہنے کے سبب ''دائرہ معارف امام احمد رضا'' کی ترتیب کے خیال نے اور زور پکڑا اور آپ نے بالآخر ۱۵/جلدوں پر مشتمل ایک علمی اور جامع خاکہ مرتب کر کے شائع کر دیا اور اس کے لئے مواد کی فراہمی بھی شروع کر دی، یہ مواد فراہم بھی ہو گیا مگر افسوس! حاسدین کی نظر بد کے سبب وہ کام نہیں ہو سکا اور دنیا ایک علمی دستاویز سے محروم رہ گئی۔محرومی کا یہ عرصہ تیس سالوں پر محیط ہے مگر اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ تیس سالوں میں لاکھوں اہل علم نے ان کے خاکہ کو بھیگی پلکوں سے پڑھا، انہیں دعائیں دیں اور اس کی تکمیل کے لئے کے لئے دعائیں مانگتے رہے۔

دو سال قبل امام احمد رضا اکیڈمی بریلی شریف میں، رضا اکیڈمی ممبئی کے اشتراک سے حضرت مولانا محمد حنیف خان صاحب نے ملکی سطح کے علما و دانشور حضرات کی ایک میٹینگ خاص اسی موضوع پر تبادلہ خیال کے لئے بلائی۔جس کی رپورٹ ملک و بیرون ملک کے رسائل و جرائد میں شائع ہوئی، رضا بک ریویو (پٹنہ) میں بھی اسے شائع کیا گیا۔اس

نشست میں حضرت مسعود ملت کے خاکہ پر تبادلہ خیال ہوا اور تیس سال کے وقفہ کے سبب اضافہ کی گنجائش دیکھتے ہوئے اس خاکسار نے اسے ۲۵/جلدوں میں سمیٹنے کا مشورہ دیا، اس مشورہ کے سبب یہ کام اس خاکسار کے سپرد ہوا اور یہ طے پایا کہ ابھی سے اس پر کام کا آغاز کر دیا جائے تا کہ جشن صد سالہ امام احمد رضا (عرس رضوی ۱۴۴۰ھ) میں یہ شائع ہو سکے ۔بہر حال حضرت مسعود کے خاکہ کو سامنے رکھ کر مختلف مراحل میں ایک خاکہ اس فقیر نے مرتب کیا جو پھیلتے پھیلتے ۴۰/جلدوں پر پھیل گیا۔اگر چہ یہ ابھی ابتدائی مرحلہ میں ہے اس پر نظر ثانی کا کام باقی ہے اگر مخلص اہل علم حضرات نے اس سلسلہ میں مفید مشورے دئے تو ممکن ہے حک و اضافہ کے بعد یہ اور جامع ہو جائے۔اس لئے دانشوران جماعت سے گزارش ہے کہ وہ اپنے مفید و کار آمد مشوروں سے ضرور نوازیں۔

یہ مقام مسرت ہے کہ اب اس خاکہ مطابق کام کا آغاز ہو رہا ہے امام احمد رضا اکیڈمی کے بانی اور رضویات کے میر کارواں حضرت مولانا حنیف خان صاحب قبلہ اس حوالے سے سنجیدہ بھی ہیں اور کوشاں بھی۔خاکسار نے اس کے لئے اہل علم سے رابطہ مہم شروع کر رکھا ہے ہندو پاک اور دیگر ممالک کے محققین حضرات سے رابطہ کا کام جاری ہے انشاء اللہ جلد ہی کام کا آغاز بھی ہوگا اور جشن صد سالہ امام احمد رضا (۱۴۴۰ھ) میں اس کی اشاعت بھی۔

ذیل میں تحقیقی مقالہ لکھنے کے لئے حضرت پروفیسر مسعود احمد مظہری رحمہ اللہ علیہ کا مرتبہ ایک اصول بطور اختصار پیش کیا جا رہا ہے جسے انہوں نے محققین رضویات کے لئے تحریر فرمایا تھا اور جو اس سے قبل پروفیسر خورشید احمد سعیدی کے ذریعہ منظر عام پر آچکا ہے۔امید ہے یہ تحریر امام احمد رضا انسائیکلو پیڈیا کے محققین کے لئے مفید اور رہنما ثابت ہوگی۔

جمع مواد کا مرحلہ:

مقالہ کے لیے سب سے اہم مرحلہ مواد جمع کرنا، پھر اس کو سمیٹنا ہوتا ہے۔اس کے لیے

مختلف لائبریریوں سے مطلوبہ مواد کے نوٹس (Notes) یا فوٹو کاپیاں جمع کرنا پڑتی ہیں۔ جن کتب اور رسائل کا مطالعہ کیا یا مطالعے کے لیے جمع کیا ان کی ایک فہرست مرتب کرنی چاہئے۔ بے ترتیب مواد مشکلات بھی بڑھاتا ہے اور وقت کا زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

تلاش مواد کی مہم اور بنیادی احتیاط:

کسی فاضل یا محقق سے مواد کے سلسلے میں مدد لینے کے لیے اسے مقالے کے خاکہ اور رجسٹریشن کی کاپی پیش کر دینا اکثر اوقات بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اسی طرح جمع شدہ مواد کی فہرست دکھا دینا بھی بعض اوقات ضروری ہوتا ہے تاکہ معاون پہلے سے موجود مواد فراہم کرنے کی زحمت اور اخراجات سے بچ جائے۔

دیانتداری و نیک نامی:

ایک محقق کو دیانتداری اور نیک نامی کی بہت ضرورت ہوتی ہے۔ اگر اسے کہیں سے مواد مستعار ملا ہے تو استعمال کے فوراً بعد اسے واپس بھیج دینا چاہئے اور جن لوگوں نے کسی نہ کسی طرح تعاون کیا ہو انہیں شکریے کے خطوط لکھنے چاہئیں۔ اگر اس کے بارے میں علماء کے تاثرات منفی ہیں تو بہت نقصان ہوتا ہے۔

صبر واستقامت:

محقق اور مقالہ نگار کو یہ ذہن میں رکھنا چاہئے کہ موضوع سے متعلق مواد جمع کرنے یا اس کے مطالعہ کے دوران کوئی نہ کوئی ایسی رکاوٹ آجاتی ہے جس سے کام رک جاتا ہے۔ لہٰذا اسے استقامت کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور اللہ تعالیٰ سے اس کی دعا بھی کرنی چاہئے۔ اسے یہ بھی ذہن میں رکھنا چاہئے کہ بعض اوقات اگر کام میں تاخیر ہو جاتی ہے تو یہ تاخیر بھی حکمت سے خالی نہیں ہوتی بلکہ اگر محقق صاحب استقامت ہے تو اس تاخیر کے دوران اس کی معلومات میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اور مقالہ زیادہ فاضلانہ بن جاتا ہے۔ جو بندہ پابندہ لیکن جان بوجھ کر تاخیر کرنا کئی فوائد سے محروم ہونا ہے۔

مواد سے استفادے کا طریقہ:

مواد کے مطالعے کے دوران کتاب کی مطلوبہ عبارت پینسل سے نشان لگاتے جائیں، جب مطالعہ کر چکیں تو کاپی سائز کے صفحات پر نوٹس لینا شروع کریں۔ صفحہ کے ایک رخ پر لکھیں۔ اقتباس لکھتے وقت دونوں طرف زیادہ حاشیہ رکھیں کہ ہر صفحہ پر وہی مواد آئے جو کسی خاص باب کے لیے مطلوب ہے۔ ہر باب کی الگ فائل بنائیں اور اوپر باب کا نمبر اور عنوان لکھ دیں۔ پھر ان صفحات کو متعلقہ باب کی فائل میں ڈالتے جائیں۔ ایک فائل مآخذ و مراجع کے لیے مخصوص کر دیں۔ جس باب کیلئے مواد ملے وہ متعلقہ فائل میں رکھتے جائیں اور مفصل مآخذ کی فائل میں لکھتے جائیں۔

تشکیل ابواب کا طریقہ:

جمع مواد کے بعد سب سے اہم مرحلہ اسے مرتب کرنا ہے۔ جب مطالعہ اور ممکنہ مآخذ سے استفادہ کا مرحلہ ختم ہو جائے تو پھر ہر باب سے متعلق فائل اٹھا کر اندرونی خاکہ بنائیں اور اس کے مطابق باب مرتب کریں۔ فائل کو قابو میں کرنے کے لیے مختلف کتابوں سے لیے گئے مواد کی داہنی طرف ذیلی عنوانات لکھتے جائیں اور پوری فائل کے صفحات پر نمبر شمار ڈالیں۔ پھر وہ عنوانات مع صفحات غیر مرتب لکھ لیں۔ اس کے بعد ان عنوانات کو مرتب کریں، خاکہ تیار ہو گیا۔ پھر خاکہ کے مطابق تسوید کریں۔ اب اس باب کو لکھنا شروع کریں۔ اس طرح پہلا مسودہ تیار ہو جائے گا۔ پھر کانٹ چھانٹ کر کے مبیضہ تیار کریں، اس طرح تمام ابواب تیار کریں۔ مقالے کے ابواب کو متوازن رکھیں۔ البتہ بنیادی باب طویل ہو جائے تو حرج نہیں۔ ہر قول کا مفصل حوالہ حاشیے میں دیں، یعنی پہلے مصنف کا نام، پھر تصنیف، مقام طباعت، سنہ طباعت، جلد اور صفحہ۔ یہ ایک ٹیکنیکی کام ہے اور صبر آزما مگر ہمت بلند ہو تو کوئی چیز مشکل نہیں۔ سیاہ روشنائی استعمال کی جائے تو بہتر ہے۔

وہ محققین جنہیں کمپیوٹر استعمال کرنا آتا ہے وہ مذکورہ تمام امور کو براہ کمپیوٹر محفوظ کریں تو کافی وقت بچا سکیں گے۔ وہ فائلوں کے بجائے کمپیوٹر میں الگ الگ فولڈر میں ہر باب سے متعلق

مواد لکھ سکتے ہیں۔البتہ اس میں یہ احتیاط انتہائی ضروری ہے کہ جمع شدہ اور کمپیوٹر میں کمپوز شدہ مواد کو کسی دوسری جگہ یعنی فلاپی ڈسک، فلیش ڈرائیو، دوسری ہارڈ ڈسک یا سی ڈی میں ساتھ ساتھ محفوظ کرلیا کریں ورنہ بعض اوقات سارے کا سارا مواد آن کی آن میں ضائع ہوجاتا ہے اور نئے سرے سے محنت کرنی پڑتی ہے۔ذہنی کوفت اور دکھ کے ساتھ ساتھ محقق کے بیمار ہوجانے کا بھی خطرہ ہوتا ہے۔

کمپوزنگ کے دوران بھی ساتھ ساتھ Save کرتے جانا چاہئے۔بعض اوقات بجلی چلے جانے یا کمپیوٹر کی کسی تار کے ہل جانے سے کمپیوٹر آف ہوجاتا ہے اور جتنا لکھا تھا سارا اڑ جاتا ہے۔اگرچہ بعض اوقات MS Word کمپوز شدہ مواد کو واپس لادیتا ہے مگر بعض اوقات ایسا نہیں ہوتا۔اس لیے احتیاط بہت ضروری ہوتی ہے۔

تحقیقی مقالات کا مزاج و انداز:

عام تحریروں کے مقابلے میں تحقیقی مقالات کا مزاج بالکل الگ ہوتا ہے، محقق کو معتدل اور غیر جانبدار رہنا پڑتا ہے، وہ ایک عادل اور منصف ہوتا ہے، اسے پورا پورا انصاف کرنا پڑتا ہے، خواہ دل نہ چاہے۔اس لیے عقیدت و محبت ظاہر نہ کریں، نام میں بھی القاب و آداب اور دعائیہ کلمات شامل نہ کریں۔کوئی خامی نظر آئے برملا بیان کریں۔مخالف و موافق سب کے لیے ایک زبان استعمال کریں، ان کے نام ایک ہی انداز سے لکھے جائیں تاکہ جانبداری کے الزام سے محفوظ رہیں۔

تحقیقی مقالات کا ہدف:

تحقیقی مقالات کے ذریعہ ایک نئی علمی حقیقت سامنے لائی جاتی ہے اس لیے اس میں جو بات ہو دلیل کے ساتھ ہو۔اگر مخالف کا ذکر کرنا ہو تو مورخانہ انداز سے کیا جائے۔تحریر میں جذباتیت سے زیادہ معقولیت و معنویت ہونی چاہئے۔محبوب شخصیت میں بھی کوئی خامی نظر آئے اس کو نہ چھپائیں۔صرف ایسی تحریر پڑھنے والے کو سوچنے پر مجبور کرسکتی ہے اور رفتہ رفتہ اس میں فکری انقلاب برپا کردیتی

ہے۔جو تبلیغ و ارشاد کا مقصود ہے۔

اسلوب بیان اور انداز نگارش:

مقالے کا انداز نگارش نہ تو جانبدارانہ ہو اور نہ ہی جذباتی بلکہ سنجیدہ اور عادلانہ موعظت و حکمت سے بھرپور ہونا چاہئے۔اس دور کے تقاضے یہی ہیں اور قرآن حکیم کا حکم بھی یہی ہے۔کہیں بھی کسی سے عقیدت یا نفرت کا اظہار نہ ہو۔مخالف پر طعن و طنز نہ کریں۔ہر قسم کے مذہبی، مسلکی، علاقائی، ذاتی تعصبات سے بالاتر رہیں۔ورنہ مقالے کی علمی حیثیت مجروح ہوجاتی ہے اور مخالف کے لیے اس کی افادیت ختم ہوجاتی ہے۔آپ صرف حقائق بیان کریں اور فیصلہ قاری پر چھوڑ دیں۔اس کے علاوہ یہ بھی ذہن میں رہے کہ کسی بھی عقیدے اور مسلک کے ممتحنین مقالہ جانچ سکتے ہیں۔اہل سنت اسکالرز کا جذبات پر قابو رکھنا مشکل ہوتا ہے جس سے بعد میں بہت پریشانیاں ہوتی ہیں۔

اختصار و جامعیت:

مختلف ابواب کو لکھنے کے دوران اختصار اور جامعیت کو پیش نظر رکھنا چاہئے اور تکرار سے ضرور احتراز کریں۔اپنے نقطہ نظر کے حق میں حقائق و شواہد پیش کریں۔غیر ضروری تفصیلات سے اعراض کریں۔اگر دوران تحقیق دوسرے تحقیق طلب موضوعات سامنے آئیں تو ان کی نشاندہی کرنی چاہئے۔مرحوم شخصیات کی سنین وفات (ہجری و عیسوی)) ضرور تحریر کریں۔

اصل اور ثانوی درجے کے مآخذ:

ثانوی مآخذ سے جہاں تک ممکن ہو استفادہ نہ کیا جائے۔اصل مآخذ سے استفادہ کریں یعنی مصنف کی تصانیف، ان کے خلفاء و تلامذہ کی تصانیف۔معاصر رسائل و اخبارات وغیرہ۔ثانوی مآخذ سے حتی الوسع گریز کریں۔اکثر ثانوی درجے کی کتابوں، رسالوں اور مجلّات میں بالعموم غلطیاں ہوتی ہیں۔اس لیے اصل سے نقل کرنا مناسب ہوتا ہے۔بعض تصنیفات حقیقی مصنف کی بجائے کسی غیر کے نام پر شائع کی جاتی ہیں۔محقق کو اس دھوکے میں آنے سے محتاط

رہنا چاہئے اور اصل مسودات کی طرف رجوع کرنا چاہئے یا کم از کم مصنف کے عہد کی مطبوعہ کاپیوں کو دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔

تحریفات اور خیانتیں:

بعض ناشرین مخالف مکتبہ فکر کی کتابوں میں تحریفات کر کے شائع کر دیتے ہیں۔ایک محقق کو ایسی خیانتوں سے آگاہ رہنا چاہیے۔اس کا ایک طریقہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جو حوالہ نقل کیا ہے اسے اس کتاب کے کسی دوسرے جگہ کے طبع میں بھی دیکھ لینا چاہئے۔کسی بھی غیر مسلم مصنف کے نظریات کو من و عن تسلیم نہیں کر لینا چاہئے بلکہ انہیں قرآن و سنت کی روشنی میں پرکھ لینا چاہئے۔

یکسوئی اور گوشہ نشینی:

تحقیقی اور ادبی کاموں کے لیے یکسوئی بہت ضروری ہے۔اس لیے تحقیق کے دوران ایسے کاموں سے پرہیز کرنا چاہئے جن سے ذہن کسی الجھن کا شکار ہوتا ہے۔علمی کام گوشہ میں بیٹھ کر ہی کیا جاسکتا ہے اور ایسے کام کے لیے بہت سی قربانیاں دینی پڑتی ہیں۔

تخریج حوالہ کی اہمیت:

مقالے میں تخریج کی بڑی اہمیت ہے۔یہ کام بڑی محنت اور دیدہ ریزی کا ہے۔ایک حوالہ نکالنے میں جتنی محنت کرنا پڑتی ہے قاری کو اس کا اندازہ نہیں۔محنت کرنے والا ہی جانتا ہے۔اس میں جو محنت کی جاتی ہے وہ قابل تحسین ہے اور محقق کو لوگ داد اور دعاؤں سے نوازتے ہیں۔اس سے مقالہ کی قیمت اور وزن میں یقیناً اضافہ ہوتا ہے اور محقق کی دقت نظر کا ثبوت ملتا ہے۔دوسروں کے لیے یہ کام بہت معاون ثابت ہوتا ہے۔

حوالہ لکھنے کا طریقہ:

مقالہ میں حوالہ اور مآخذ و مراجع درج کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔اس کے لیے ضروری ہے کہ ایک فائل مآخذ و مراجع کی الگ بنائیں جو کتاب مطالعہ کریں اس کی پوری تفصیلات لکھ کر

اس فائل میں ڈال دیں، یعنی مصنف کا نام، تصنیف، مقام طباعت، سن طباعت، صفحات، ایڈیشن، ناشر وغیرہ۔کتب و رسائل اور اخبارات کے پورے حوالے دیں۔اگر مخففات استعمال کرنا چاہیں تو کوئی حرج نہیں۔ہر باب کے آخر میں اس کے حوالے درج کر دیں، یا ہر صفحہ کے نیچے حاشیہ میں یا جس طرح صدر شعبہ کہیں۔یونیورسٹی میں جو انداز پسندیدہ ہو وہی اختیار کریں۔جس مقالے کے آخر میں کتابیات شامل ہو اس میں مختصر حوالہ کافی ہے۔یعنی مصنف، تصنیف اور صفحہ۔اسی مصنف کی وہی کتاب آرہی ہے تو صرف تصنیف و صفحہ و جلد لکھیں۔مقالے میں سوانحی خاکوں کی بڑی اہمیت ہے کیونکہ آج کل کتابوں میں مصنف کے احوال شامل کیے جاتے ہیں۔اس سے مستقبل کے محققین کو خاص فائدہ ہوتا ہے۔

ٹرانسلٹریشن کے اصول وضوابط:

ترجمہ یا مقالہ انگریزی زبان میں لکھنا ہو تو اس میں عربی نام اور خاص اصطلاحات کو لکھنے کے لیے خاص بین الاقوامی اصول وضوابط ہیں۔انگریزی کتاب میں ’’ع‘‘ ظاہر کی جائے تو الٹا کاما(‘) لگاتے ہیں اور جب ہمزہ(ء) ظاہر کی جائے تو سیدھا کاما(’) لگاتے ہیں۔اس کے علاوہ حرف ث کے لیے(th)، خ کے لیے(Kh)، ذ کے لیے(dh) ش کے لیے(sh) ص کے لیے(s) ض کے لیے(d یا z) ظ کے لیے(z) کو اختیار کیا جاتا ہے۔یہ طریقہ مستشرقین کا متعین کردہ ہے۔اگر اس کے خلاف لکھا گیا تو ان کے لیے عربی الفاظ یا عبارات کا سمجھنا ناممکن ہوگا۔

اعلیٰ حضرت کے نام سے لفظ’’رضا‘‘ کے متعلق یہ ہے کہ یہ انگریزی میں دیسی قارئین کے لیے ’’رضا‘‘ Raza ہی لکھا جاتا ہے۔البتہ ولایتی قارئین کے لیے ’’رضا‘‘ Rida لکھا جاتا ہے۔

مآخذ و مراجع اور فہارس:

مقالہ یا تھیسس کے آخر میں مآخذ و مراجع اور فہارس کو شامل کرنا بہت ضروری ہوتا

ہے۔اس لیے درج ذیل باتوں کو مدنظر رکھنا چاہئے۔

۱۔ عربی،فارسی،اردو کتابوں کو الگ الگ مرتب کریں اور رسائل و اخبارات کو الگ۔

۲۔ تصانیف حروف تہجی کے لحاظ سے ترتیب دیں، مسلسل نقل فرمائیں اور تصانیف جس حرف سے متعلق ہوں، وہ بطور عنوان جلی قلم سے لکھیں۔بعض لوگ حرف کا عنوان قائم نہیں کرتے ہیں لیکن تمام مراجع و مصادر حروف تہجی کے اعتبار سے لکھے جاتے ہیں۔

۳۔ موضوع سے متعلق مصنف کی کوئی نادر تحریر نظر آئے اس کا عکس ضرور شامل کریں۔اس سے مقالے کا وقار بلند ہو جائے گا۔

۴۔ اشاریہ آیات، اشاریہ احادیث، اشاریہ بلاد، اشاریہ رجال، اشاریہ اماکن، فہرس مکاتیب باعتبار تاریخ و سنین نقل کریں۔

۵۔ فہرس مکاتیب باعتبار رجال (مکتوب الیہم)

۶۔ ماخذ و مراجع/کتابیات۔اگر ماخذ و مراجع میں سے کوئی حوالے حذف کیے ہوں تو وہاں خلا نہیں رہنے دینا چاہئے۔

امام احمد رضا انسائیکلوپیڈیا

اجمالی خاکہ

- ـــ پس منظر (خاندانی پس منظر)
- ـــ حالات (حیات رضا کا اجمالی مگر مکمل تذکرہ)
- ـــ اساتذہ ومشائخ (امام احمد رضا کے اساتذہ ومشائخ کا تذکرہ)
- ـــ عشق رسول (امام احمد رضا کے عشق رسول کی نکہتیں اور برکتیں)
- ـــ تذکرہ علوم وفنون (امام احمد رضا جامع علوم وفنون شخصیت)
- ـــ تجدید ومجدد (امام احمد رضا کی تجدیدی خدمات کی تاریخ
- ـــ عقائد وکلام (عقائد وکلام اور نظریہ واعتقاد کے حوالے سے امام احمد رضا کی خدمات)
- ـــ ترجمہ قرآن (کنزالایمان کی خصوصیات کا مکمل اور دلکش آئینہ)
- ـــ نظریات (امام احمد رضا کے مذہبی اعتقادی سیاسی،سماجی اور سائنسی نظریات کی جامع تاریخ)
- ـــ فقہیات (امام احمد رضا کی شان فقاہت کے زریں نقوش)
- ـــ تفسیرات (امام احمد رضا کے تفسیری کارنامے اور امتیازات)
- ـــ حدیثیات (امام احمد رضا کی حدیثی خدمات کا ایمان افروز آئینہ)
- ـــ معرفت وتصوف (تصوف کی حقیقت،اور امام احمد رضا کی عارفانہ زندگی کا پرکشش آئینہ)
- ـــ تحقیقات (امام احمد رضا کی علمی وفنی تحقیقات کا تذکرہ)
- ـــ نقد ونظر (امام احمد رضا کی اعتقادی،فقہی،ادبی سیاسی اور سائنسی تنقید کی تاریخ)
- ـــ ادبیات عربی (عربی زبان ادب پر عبور اور خدمات کی جامع تاریخ)
- ـــ ادبیات فارسی (فارسی زبان ادب پر عبور اور خدمات کی جامع تاریخ)
- ـــ ادبیات اردو (مذہب کے حوالے سے اردو ادب کے فروغ میں احمد رضا کی امتیازی خدمات

- نعتیہ شاعری — امام احمد رضا کی نعتوں میں فن، ادب و عشق رسول کی رعنائیاں
- سیاسیات — (امام احمد رضا کے سیاسی نظریات، جد وجہد اور اثرات کی تاریخ)
- تحریکات — (عہد امام احمد رضا کی مذہبی ملی اور سیاسی تحریکات کا منصفانہ جائزہ)
- سائنسیات — (امام احمد رضا کے سائنسی نظریات اور خدمات کا محققانہ جائزہ)
- تصنیفات وتالیفات (امام احمد رضا کی تصنیفات، حواشی اور تصنیفات کے تراجم کی تاریخ)
- خلفاء وتلامذہ — امام احمد رضا کے خلفا وتلامذہ کی مختلف جہتوں سے خدمات کا تذکرہ
- تعلقات — عالم اسلام کے علماء ومشائخ سے امام احمد رضا کے تعلقات کی تاریخ
- رد بدعات — سماج میں رائج بدعات کے استیصال میں امام احمد رضا کی خدمات کا تذکرہ
- مکتوبات — امام احمد رضا کے مکتوبات کا مذہبی علمی ادبی جائزہ
- ملفوظات — امام احمد رضا کے ملفوظات کا ایمان افروز مجموعہ
- اولیات وایجادات — امام احمد رضا کی علمی خدمات کا منفرد وممتاز پہلو)
- تذکرہ وتاریخ — امام احمد رضا کی تصانیف میں موجود تذکرہ وتاریخ کا علمی دستاویز
- خطبات — امام احمد رضا کی تقریری وتحریری خطبات کا علمی مجموعہ
- حیثیات — علم وفن کی مختلف جہتوں سے امام احمد رضا کی امتیازی شخصیت کا جائزہ
- محاسبات — امام احمد رضا کی شخصیت اور علمی نقوش پر اعتراضات کے جوابات
- تاثرات: — مختلف طبقے کے علما مشائخ اور موافق ومخالف دانشوروں کے تاثرات
- تعلیمات: — امام احمد رضا کی تعلیمات وارشادات کا علمی وایمان افروز مجموعہ
- اثرات: — امام احمد رضا کی خدمات کے عالم گیر اثرات کا جائزہ
- رضویات پر تحقیقات — عالمی سطح پر رضویات پر ہوئی جامعاتی اور غیر جامعاتی تحقیقات کا جائزہ
- خانقاہ قادریہ برکاتیہ رضویہ — امام احمد رضا کی قائم کردہ خانقاہ کی تفصیلی تاریخ اور اس کے اثرات
- شجرات وسندات، نوادرات — امام احمد رضا کے علمی شجرات، مختلف سندات اور ان کے نوادرات کے عکوس
- اشاریات ۴۰ جلدوں کا۔

’’امام احمد رضا انسائیکلو پیڈیا کا تفصیلی خاکہ‘‘

ایک مختصر جائزہ

محترم پروفیسر فاروق احمد صدیقی صاحب

سابق صدر شعبہ اردو۔وڈین فیکلٹی بہار یونیورسیٹی مظفر پور بہار

امام احمد رضا علیہ الرحمہ علم وفضل کے اس بحر بیکراں کا نام ہے جن کی اب تک محض چند موجوں ہی کا تعارف ہو سکا ہے۔کوئی نصف صدی سے عالمی سطح پر مختلف اشخاص واداروں کی طرف سے فکر رضا کے مطالعے اور تجزے کا سلسلہ جاری ہے۔بعض جامعات میں بھی تحقیقی کام ہو رہے ہیں، ان سب کے باوجود اس عبقری شخصیت کا ’حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا‘ اس کی بنیادی اور بدیہی وجہ یہ ہے کہ حضرت رضا نے تقریبا پچاس علوم وفنون میں اپنی گرانقدر تصانیف چھوڑی ہیں۔جن میں جدید سائنسی علوم بھی شامل ہیں۔عصر حاضر میں ایسی جید اور جامع حیثیات شخصیتوں کا فقدان نظر آتا ہے۔جو پچاس یا پچیس ہی علوم وفنون پر ماہرانہ دسترس رکھتی ہوں۔اس لئے فکر رضا کے اس ’’بحر الکامل‘‘ میں شناوری اور غوطہ زنی کرنے کی جسارت نہیں کر پاتیں۔لیکن ایسا بھی نہیں کہ دنیا صاحبان صلاحیت سے بالکل خالی ہو۔ڈھونڈنے پر جوہر قابل مل ہی جاتے ہیں۔اسی توقع پر یہ خاکہ مرتب کیا گیا ہے۔

میرے مطالعے کی حد تک ماضی میں امام احمد رضا کے شخصی، علمی فقہی، فکری اور شعری کارناموں پر کچھ قابل قدر تصنیفی کام ضرور ہوئے ہیں، اس سلسلہ میں ماہر رضویات

حضرت مسعود ملت علیہ الرحمہ کا نام سرفہرست آتا ہے لیکن جدید سائنسی علوم میں حضرت رضا کے حیرت انگیز کارناموں کا احاطہ ابھی بالکل ابتدائی مرحلہ میں ہے۔اس لئے ان مضامین کے اساتذہ واسکالرس کی خدمات حاصل کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ فزکس، کیمسٹری، علم نباتات، حیوانات، ریاضیات، اور اقلیدس وغیرہ علوم میں امام احمد رضا کی فتوحات سے عصری دانش گاہوں کو متعارف کرایا جاسکے اور پھر وہاں سے فکر رضا کی روشنی پورے آفاق میں پھیلے۔

زیر نظر ''امام احمد رضا انسائیکلوپیڈیا کا تفصیلی خاکہ'' جو چالیس جلدوں پر مشتمل ہے، اس لحاظ سے بہت ہی جامع اور مفصل ہے کہ ان میں امام احمد رضا کی ولادت سے لیکر رحلت تک کے تمام واقعات ومعاملات کا احاطہ کرلیا گیا ہے۔ بظاہر کوئی گوشہ حیات تشنۂ توجہ نظر نہیں آتا۔ اگر ان تمام موضوعات پر مضامین ومقالات حاصل ہو گئے تو واقعی ''امام احمد رضا انسائیکلوپیڈیا'' پوری دنیا میں عدیم المثال ہوگا، بلکہ ایسا مینارۂ نور جس سے آنے والی نسلیں حسب توفیق استفادہ کرتی رہیں گی اور یہ ''رضویات'' کے تعلق سے ایک معتبر اور مستند ماخذ کے طور پر یاد کیا جائے گا۔

امام احمد رضا انسائیکلوپیڈیا تفصیلی خاکہ'' کے مرتب ڈاکٹر امجد رضا امجد ہیں۔ رضویات سے جن کی قلبی اور روحانی وابستگی کسی تعریف وتعارف کی محتاج نہیں، وہ ہندوپاک کے علمی، ادبی اور رضوی حلقوں میں اپنے شاندار بلکہ یادگار کارناموں کی بدولت اپنی شناخت مستحکم کر چکے ہیں۔ اپنے ہم عصر علما و مصنفین کی بزم میں وہ ایک ایسے گوہرِ تابدار ہیں جس کا ہر رخ درخشاں اور تابناک ہوتا ہے۔ یہ جوشِ محبت میں ان کا قصیدۂ منثور نہیں ہے بلکہ اظہار حقیقت ہے۔ ہمارے یہاں معتبر قلم کار کتنے ہیں؟ گفتار کے غازیوں کی کمی نہیں، اسٹیج پر مسلک اعلیٰ حضرت زندہ آباد کا کھوکھلا نعرہ لگانے والے ہر گلی کوچے میں موجود ہیں، جن کا وجود وعدم وجود، دونوں برابر ہے۔ یہ قرطاس وقلم کی بالادستی کا دور ہے۔ جس جماعت کا لٹریچر جتنا مضبوط ہوگا، دلوں پر اسی کی حکمرانی ہوگی۔ اہل سنت کی نژاد نو کو

یہ سمجھنے کی ضرورت ہے۔

پیش نظر ''امام احمد رضا انسائیکلوپیڈیا کا مفصل خاکہ'' تیار کرنے پر میں مرتب گرامی قدر محترم ڈاکٹر امجد رضا امجد کو صمیم قلب سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کی درازی عمر کی دعائیں کرتا ہوں، ان کی اولوالعزی اور بلند حوصلگی کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ میری تمنا ہے کہ میری زندگی میں ہی، جواب لب بام ہے، امام احمد رضا انسائیکلوپیڈیا'' منظر عام پہ آجائے تاکہ اس کو دیکھ کر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کروں۔

غلام غلامان امام احمد رضا و مفتی اعظم ہند
فاروق احمد صدیقی
۲۰ / ۸ / ۲۰۲۳

امام احمد رضا انسائیکلوپیڈیا
کا
تفصیلی خاکہ

گونج گونج اٹھے نغمات رضا سے بوستاں
کیوں نہ ہو کس پھول کی مدحت میں وا منقار ہے

جلد 1

پس منظر

(خاندان رضا پس منظر اور آپ کی ولادت)

مقدمہ

باب اول ———— خاندانی پس منظر

- افغانستان کی مذہبی وسیاسی تاریخ کا اجمالی تذکرہ
- قبیلہ بڑہیچ کا تاریخی پس منظر
- آباواجداد کا اجمالی تذکرہ
- شاہان مغلیہ سے تعلقات
- افغان سے ہندوستان ہجرت

باب دوم ———— اسلاف واجداد

- سعادت یار خاں
- اعظم علی خان
- مولانا کاظم علی خاں
- مولانا رضا علی خاں
- مولانا نقی علی خاں

باب سوم ———— غیر منقسم ہندوستان کے مذہبی سیاسی اور سماجی حالات

- مذہبی حالات

● سماجی حالات

● سیاسی حالات

باب چہارم ———— جنگ آزادی اور اہل خاندان

● پہلی جنگ آزادی، اسباب و وجوہات

● جنگ آزادی میں شریک علماء

● جنگ آزادی کے مخالفین

● جنگ آزادی میں خاندان رضا کا مجاہدانہ کردار

باب پنجم ———— طلوع صبح

● ولادت امام احمد رضا خاں

● پیشین گوئی

● اہتمام مسرت

باب ششم ———— عکوس ونوادرات

● موضوع سے متعلق تصاویر

● اخبارات ورسائل اور حوالجاتی کتب کے عکوس

● کتابیات واشاریات

□□□

جلد 2

حالات

(ولادت سے رحلت تک آئینہ احوال)

مقدمہ

آباب اول: ———— ولادت وعہد طفولیت

● ولادت باسعادت

● بالائے سرش زہوش مندی

● واقعات طفولیت

● حیرت انگیز ذہانت

باب دوم: ———— تعلیمی زندگی

● بسم اللہ خوانی

● تعلمی زندگی اہم واقعات

● تعلیمی مراحل

● تکمیل تعلیم ودستار

● علوم وفنون کی جامعیت

باب سوم: ———— اساتذہ

● مولانا مرزا عبدالوحید بیگ

- مولانا رضا علی خاں
- —— مولانا نقی علی خاں

باب چہارم: —— تدریسی خدمات

- —— مسند تدریس
- —— قیام منظر اسلام
- —— تلامذہ

باب پنجم: —— تبحر علمی

- —— علوم وفنون کی جامعیت
- —— علوم وفنون میں تبحر
- —— تبحر علمی پہ اہل علم کے تاثرات

باب ششم: —— معاصر علماء اور احباب

- —— معاصر علماء اہل سنت
- —— معاصر علماء مخالفین
- —— احباب

باب ہفتم: —— بیعت واجازت

- —— خاتم الاکابر سید شاہ آل رسول احمدی مارہروی
- —— نور العارفین سید شاہ ابوالحسین احمد نوری مارہروی

باب ہشتم: —— حج وزیارت

- —— پہلا حج: اور اس کے اثرات
- —— دوسرا حج: اور اس کے اثرات

باب نہم: —— شمائل وخصائل

باب دہم: —— اعمال شب روز

باب یاز دہم: —— اسفار

- —— حجاز کے اسفار
- —— یوپی کے اسفار
- —— بہار کے اسفار
- —— راجستھان کے اسفار
- —— مدھ پردیش کے اسفار
- —— بنگال کلکتہ کا سفر
- —— ممبئی کا سفر
- —— گجرات کے اسفار
- —— دہلی کا سفر

باب دوازدہم: —— سانحہ ارتحال

- —— سفر آخرت کی تیاری
- —— وصال کا آنکھوں دیکھا حال
- —— وصیت اور اس کا ایمانی پہلو

باب سیزدہم —— عکوس ونوادرات

❑❑❑

جلد3
اساتذہ ومشائخ

مقدمہ

باب اول: ———— چودھویں صدی کے چند سلاسل تدریس

- ——ولی اللہی سلسلہ
- ——فرنگی محلی سلسلہ
- ——خیرآبادی سلسلہ

باب پنجم: ———— بریلی شریف کے مسند تدریس

باب ششم: ———— امام احمد رضا کے اساتذہ

- ——فقہ
- ——فقہ
- ——فقہ

باب ہفتم: ———— امام احمد رضا کے مشائخ کرام

- ——فقہ
- ——فقہ
- ——فقہ

باب ہشتم: ———— امام احمد رضا اپنے اساتذہ مشائخ کی نظر میں

باب نہم: ———— عکوس ونوادرات

جلد
عشق رسول

(امام احمد رضا کے عشق رسول کی نکہتیں اور برکتیں)

مقدمہ

باب اول: ———— عشق کا اسلامی تصور

- ——قرآن اور عشق
- ——احادیث میں عشق کا تصور
- ——عشق: عہد صحابہ اور تابعین میں

باب دوم: ———— عشق مختلف تناظر میں

- ——عشق اور صوفیہ
- ——عشق اور علما
- ——عشق اور شعرا
- ——عشق اور ملی اتحاد

باب سوم: ———— امام احمد رضا اور عشق رسول

- ——فقہ اور عشق
- ——ترجمہ قرآن اور عشق
- ——سیرت رسول اور عشق
- ——حدائق بخشش اور عشق

باب چہارم:—————امام احمد رضا بحیثیت عاشق رسول

- ——گفتار و کردار کے اعتبار سے
- ——سنتوں کی ادائیگی کے اعتبار سے
- ——محبوبوں سے محبت کے اعتبار سے
- ——دشمنان رسول سے عداوت کے اعتبار سے

باب پنجم:—————ارباب علم و ادب کے تاثرات

- ——مشائخ کرام کے تاثرات
- ——علمائے کرام کے تاثرات
- ——ارباب علم و ادب کے تاثرات
- ——مخالفین کے تاثرات

باب ششم:—————عکوس و نوادرات

❑❑❑

جلد

تذکرہ علوم و فنون

(امام احمد رضا جامع علوم و فنون شخصیت)

مقدمہ

باب اول:—————علم کا اسلامی تصور

- ——قرآن پاک کے حوالہ سے
- ——احادیث کے حوالہ سے
- ——اقوال سلف کے حوالہ سے

باب دوم:—————برصغیر کی معروف علمی شخصیات

- ——فقہ و تصوف میں
- ——علوم عقلیہ میں
- ——شعر و ادب میں

باب سوم:—————امام احمد رضا کی شخصیت اور علوم فنون کی جامعیت

- ——علوم نقلیہ
- ——علوم عقلیہ

باب چہارم:—————سلاسل حدیث و فقہ

باب پنجم:—————تبحر علمی

باب ششم:—————علمی خدمات کے مصادر و مراجع

باب ہفتم:—————علمی خدمات کی تقویم

(الف) ۱۳/ویں صدی کے اواخر کی خدمات

● — علمی خدمات ● — مذہبی خدمات

● — ادبی خدمات ● — سیاسی خدمات

● — سائنسی خدمات ● — صحافتی خدمات

(ب) ۱۴/ویں صدی کی خدمات

● — علمی خدمات ● — مذہبی خدمات

● — ادبی خدمات ● — سیاسی خدمات

● — سائنسی خدمات ● — صحافتی خدمات

باب ہشتم ——————— عکوس ونوادرات

□□□

جلد

تجدید ومجدد

(امام احمد رضا کی تجدیدی خدمات کی تاریخ

مقدمہ

باب اول:- اسلام میں مجدد کا تصور

● ——— مقام ومرتبہ

● ——— منصبی تقاضے

● ——— شان مجددیت

باب دوم:- تاریخ مجددین اسلام

● ——— مجددین کی اجمالی فہرست

● ——— برصغیر کے مجددین کی اجمالی خدمات

باب سوم:- امام احمد رضا کا عہد اور ضرورت مجدد

● ——— امام احمد رضا کا مذہبی ماحول

● ——— ضرورت مجدد کی جھلکیاں

● ——— امام احمد رضا کی مجددیت کا اعلان واظہار

باب چہارم:- امام احمد رضا بحیثیت مجدد

● ——— علامات

● ——— تحریروں میں مجددیت کا لقب

- ——پٹنہ میں اعلان مجددیت
- ——عالم اسلام کے علما ومشائخ کی تائید

باب پنجم :-مجدد دین اسلام اور امام احمد رضا کے معتقدات

- ——عقائد اسلام
- ——معمولات ومراسم
- ——بدعات حسنہ پر ان کے نظریات
- ——عقائد باطلہ کی تردید

باب پنجم :-امام احمد رضا کی مجددانہ خدمات

- ——اصلاح عقائد
- ——اصلاح اعمال
- ——استیصال بدعات
- ——ردعقائد باطلہ

باب ششم :-تحفظ نامورسالت

- ——تحفظ ناموس رسالت کی تحریک
- ——تحفظ ناموس رسالت کے اثرات

باب ہفتم :-تحفظ معمولات اہل سنت

- ——نیاز وفاتحہ
- ——میلاد وجلوس
- ——اعراس بزرگاں

باب ہشتم :-تجدیدی خدمات پر مقالے

- ——عربی مقالے
- ——فارسی مقالے
- ——اردو مقالے
- ——کتابوں میں تذکرے

باب نہم :-عکوس ونوادرات

□□□

جلد

عقائد وکلام

(عقائد وکلام اور نظریہ واعتقاد کے حوالے سے امام احمد رضا کی خدمات)

مقدمہ

باب اول: علم کلام تعریف اور موضوعات اور اس کے ائمہ

- ——— علم کلام تعریف وتاریخ
- ——— علم کلام کے موضوعات
- ——— علم کلام کے ائمہ

باب دوم: ——— علم کلام پہ لکھی گئیں تصانیف کا جائزہ

باب سوم: ——— علم کلام کے چند ماہرین علما

باب چہارم: ——— عقائد وکلام پر امام احمد رضا کی تصانیف

باب پنجم: ——— الٰہیات: اور نظریہ امام احمد رضا

باب ششم: ——— معتقدات نبوت اور نظریہ امام احمد رضا

باب ہفتم: ——— ضروریات دین اور نظریہ امام احمد رضا

باب ہشتم: ——— اصول دین میں اختلاف اور نظریہ امام احمد رضا

باب نہم: ——— بعض ہندوستانی فرقے اور امام احمد رضا کا منصبی کردار

- ——— نیچریہ
- ——— مرزائیہ
- ——— روافض ہند
- ——— وہابیہ

- ——— دیابنہ
- ——— اہل ہوس نام نہاد صوفیہ

باب دہم: ——— حسام الحرمین اور اس کے احکام

- ——— حسام الحرمین تالیف کے اسباب
- ——— حسام الحرمین کے مصدقین علمائے عرب
- ——— حسام الحرمین کے سوسال ایک جائزہ

باب یازدہم: ——— حسام الحرمین کے اثرات

- ——— حسام الحرمین کی تائید میں لکھی گئی کتابیں
- ——— ہندو پاک میں حسام الحرمین کی تصدیقات
- ——— حسام الحرمین کے خلاف مخالفین کی منفی جدوجہد

باب دوازدہم: ——— عکوس ونوادرات

□□□

جلد

ترجمہ قرآن ''کنزالایمان''

(کنزالایمان کی علمی ادبی اور مذہبی خصوصیات کا مکمل اور دلکش آئینہ)

مقدمہ

باب اول: جمہ قرآن: اصول وشرائط

باب دوم: ——— کنزالایمان: منظر پس منظر

باب سوم: ——— کنزالایمان: علمی وفنی مباحث

باب چہارم: ——— تنقیدات وتعاقبات:

[کنزالایمان کے خلاف شائع مواد کا تنقیدی جائزہ]

باب پنجم: ——— کنزالایمان: لسانی وادبی مطالعہ

باب ششم: ——— کنزالایمان اور دیگر تراجم قرآن کا تقابلی مطالعہ

باب ہفتم: ——— تبصرے وجائزے

باب ہشتم: ——— کنزالایمان کے تعلق سے دانشوروں کے انٹرویوز

باب نہم: ——— کنزالایمان کے فکری اثرات

باب دہم: ——— تراجم کنزالایمان کے عکوس

باب یازدہم: ——— عکوس نوادرات

□□□

جلد

نظریات

(امام احمد رضا کے مذہبی اعتقادی سیاسی، سماجی اور سائنسی نظریات کی جامع تاریخ)

مقدمہ

باب اول: - اسلامی نظریہ واعتقاد: اجمالی جائزہ

● — معنیٰ ومفہوم

● — تشریح وتوضیح

● — خلفائے کرام کے نظریات

● — صحابہ کرام کے نظریات

باب دوم: - نظریاتی اختلاف اور افتراق امت کا آغاز

● — عہد صحابہ میں اختلاف نظریات کی بنیاد

● — عہد تابعین میں باطل فرقوں کا ظہور

● — چودھویں صدی میں ظاہر ہونے والے باطل فرقے

باب سوم: - ہندوستان میں اسلام مخالف نظریات

● — ہندوستان میں اسلامی نظریہ کی آمد

● — شیعیت: پہلا اسلام مخالف نظریہ

● — نظریہ شیعیت کا رد

● — ہندوستان میں عہد بہ عہد اسلام مخالف نظریات

- وہابیت
- دیوبندیت
- قادیانیت
- نیچریت
- اہل قرآن

باب چہارم:- امام احمد رضا کا قدیم اسلامی نظریہ

- عقائد وکلام میں قدیم اسلامی نظریہ
- معمولات ومشاغل میں قدیم اسلامی نظریہ

باب پنجم :- اسلام مخالف نظریات کا رد بلیغ

- تصنیفات کے ذریعہ
- فتاویٰ کے ذریعہ
- نظم کے ذریعہ

باب ششم:- امام احمد رضا کی خدمات کے اثرات

- طبقہ علما پر اثرات
- اہل جامعات پہ اثرات
- ارباب ثروت پہ اثرات
- اہل ادب پہ اثرات
- عوام پہ اثرات

باب ششم: عکوس ونوادرات

□□□

جلد
فقہیات

(امام احمد رضا کی شان فقاہت کے زریں نقوش)

مقدمہ

باب اول:———— فقہ اسلامی: تدوین وتاریخ

باب دوم:———— فقہ حنفی: آغاز وارتقا

باب سوم:———— فقہائے ہند اور ان کے فتاویٰ

- عربی فتاویٰ
- فارسی فتاویٰ
- اردو فتاوی
- انگریزی فتاویٰ (مترجم)

باب چہارم:———— فقہی تصانیف کا جائزہ

فقہ:

حاشیہ الطحطاوی علی الدر المختار

جد الممتار علی رد المختار (خمس مجلدات)

رادع التعسف عن الامام ابی یوسف

اصول فقہ:

- التاج المکلل فی انارۃ مدلول کان یفعل
- تبویب الاشباہ والنظائر

●—حاشیہ الحموی علی الاشباہ والنظائر

●—حاشیہ فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت

●—حاشیہ مسلم الثبوت

●—السیوف الخیفۃ علی عائب ابی حنیفۃ

●—**رسم المفتی**

●—اجلی الاعلام بان الفتویٰ مطلقا علی قول الامام

●—فصل القضا فی رسم الافتاء

●—حاشیہ رسائل الشامی (فی رسم المفتی)

باب چہارم :———فتاویٰ رضویہ: تعارف اور جائزہ

●—موضوعاتی جائزہ

●—زبان فتاویٰ

●—منظوم فتاویٰ

باب پنجم :———فتاویٰ رضویہ: اور علوم وفنون کی جامعیت

●—علوم عقلیہ

●—علوم نقلیہ

باب ششم :———خصائص فتاویٰ

●—استدلال ●—استشہاد، ●—ترجیح، ●—تنقیح

●—توضیح ●—، تحقیق ●—، تنقید ●—، تطبیق،

●—زبان وبیان، سلاست،

باب ہفتم :———فتاویٰ رضویہ: اور تطفلات ومعروضات

باب ہشتم :———مستفتی علماء

●—علمائے ہند ●—علمائے پاک

●—علمائے بنگلہ دیش ●—علمائے سری لنکا،

●—علمائے افریقہ ●—علمائے حجاز

باب نہم :——— معاصر مجموعۂ فتاویٰ سے تقابل

●—فتاویٰ ثنائیہ، ●—فتاویٰ رشیدیہ،

●—فتاویٰ فرنگی محل ●—فتاویٰ ارشادیہ

باب دہم :———فقہی مقام ومرتبہ

باب یازدہم :———عکوس ونوادرات

❑❑❑

جلد ۱۰

تفسیرات

(امام احمد رضا کے تفسیری کارنامے اور امتیازات)

مقدمہ

باب اول: ——— تدوین قرآن

- نزول قرآن ● جمع قرآن
- احکام قرآن

باب دوم: ——— تفسیر قرآن

- تفسیر معنی و مفہوم ● تفسیر قرآن بالقرآن
- تفسیر قرآن بالاحادیث

باب سوم: ——— مفسرین قرآن

- مفسرین صحابہ ● مفسرین تابعین
- مفسرین مابعد تابعین

باب چہارم: ——— برصغیر میں تفسیری خدمات

- عربی تفاسیر
- فارسی تفاسیر
- اردو تفاسیر
- معروف مفسرین کی اجمالی فہرست

باب پنجم: ——— امام احمد رضا کی تفسیری خدمات

- تفسیر سورۂ والضحیٰ
- ابناء الحی ان کتابہ المصون تبیان لکل شئی
- الصمصام علی مشکک فی آیۃ علوم الارحام
- الحجۃ المؤتمنۃ فی آیۃ الممتحنۃ
- النفحۃ الفائحۃ من مسک سورۃ الفاتحۃ
- نائل الراح فی فرق الریح والریاح
- الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی
- انوار الحلم فی معانی میعاد استجب لکم
- حاشیہ تفسیر بیضاوی
- حاشیہ تفسیر خازن
- حاشیہ الدر المنثور
- حاشیہ عنایۃ القاضی
- معالم التنزیل
- حاشیہ الاتقان للسیوطی (اصول تفسیر)

باب ششم: ——— امام احمد رضا کے تفسیری جہات

- علمی تفسیر ● فقہی تفسیر
- سائنسی تفسیر ● عرفانی تفسیر

باب ہفتم: ——— امام احمد رضا کے تفسیری امتیازات

- زبان و بیان ● اسلوب
- عظمت توحید ● عظمت رسالت

●—استنباط احکام

باب ہشتم:————ہم عصر مفسرین سے تقابل

●—اہل تشیع مفسرین سے تقابل

●—اہل دیوبند مفسرین سے تقابل

●—اہل حدیث مفسرین سے تقابل

●—دیگر کتب تفاسیر سے تقابل

باب نہم:————امام احمد رضا کے ترجمہ وتفسیر پہ کتب ومقالات

باب دہم:————امام احمد رضا بحیثیت مفسر قرآن

باب یازدہم:————عکوس ونوادرات

□□□

جلد ۱۱

حدیثیات

(امام احمد رضا کی حدیثی خدمات کا ایمان افروز آئینہ)

مقدمہ

باب اول:————احادیث رسول کی تدوین: تاریخی جائزہ

(الف)——تعریف

(ب)——تدوین

(ج)——عہد صحابہ کے مدون چند نسخے

باب دوم:————احادیث رسول کی تشریعی حیثیت

(الف)——اقسام حدیث

(ب)——تشریعی حیثیت

(ج)——منکرین حدیث کا علمی محاسبہ

باب سوم:————فن اسماء الرجال: تحقیقی بحث

(الف)——فن اسماء الرجال:

(ب)——ماہرین فن اسماء الرجال

(ج)——فن اسماء الرجال کی چند مستند کتابیں

●—حاشیہ تقریب التہذیب

●—حاشیہ تہذیب التہذیب

●—حاشیہ الاسماء والصفات

- —— حاشیہ الاصابۃ فی معرفۃ الصحابۃ
- —— حاشیہ تذکرۃ الحفاظ
- —— حاشیہ میزان الاعتدال
- —— حاشیہ خلاصۃ تہذیب الکمال

باب چہارم: علم حدیث میں امام احمد رضا کی تصانیف

- —— حاشیہ صحیح بخاری
- —— حاشیہ صحیح مسلم
